
سفاری پارک کو بین الاقوامی معیار کی تفریح گاہ بنانے کیلئے مربوط پلان مرتب



گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کے سفاری پارک کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے

سفاری پارک کا شمار شہر کی اہم تفریح گاہ میں ہوتا ہے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کی ہدایت پر 300 ایکڑ کے وسیع و عریض رقبے پر پھیلے ہوئے سفاری پارک کو بین الاقوامی معیار کی تفریح گاہ بنانے اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے بلدیہ عظمیٰ کراچی کے تحت ایک مربوط پلان بنایا گیا ہے جس پر عمل کرتے ہوئے تفریح کی غرض سے آنے والے شہریوں کی حفاظت کے لئے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کے ساتھ ساتھ CCTV کیمرے نصب کئے گئے ہیں۔ روشنی کے انتظامات کو بہتر بنایا گیا ہے۔ ٹیکنیکل سٹاف کی کمی کو محسوس کرتے ہوئے 200 سے زائد ٹیکنیکل سٹاف کو متعین کیا گیا ہے جبکہ اس کی تزئین و آرائش اور لان میں گھاس کے نئے قطعات لگانے سمیت گزشتہ 10 سال سے بند آبشار اور فاؤنٹین کو دوبارہ چلا دیا گیا ہے علاوہ ازیں شہریوں کو تفریحی سہولیات پہنچانے کے لئے یہاں مسلسل ترقیاتی کام جاری ہیں۔ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے سفاری پارک میں جاری تعمیراتی کاموں کے معائنہ کے لئے صوبائی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی رضا ہارون، ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید، میٹروپولیٹن کمشنر متانت علی خان کے ہمراہ سفاری پارک کا دورہ کیا۔ اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے گورنر سندھ نے کہا کہ سفاری پارک شہر کی اہم تزین تفریح گاہ ہے اس کی تزئین و آرائش کا کام جاری ہے جبکہ پرندوں کی آزادانہ نقل وحمل کے لئے برڈ آواری اور عالمی سطح پر تسلیم کرانے کے لئے پانچ بڑے جانوروں کو سفاری پارک لایا جائے گا۔ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ گزشتہ چار ماہ پہلے جن کاموں کا آغاز کیا گیا تھا ان پر تیزی سے کام جاری ہے اور پہلے کے مقابلے میں سفاری پارک اب انتہائی پرکشش ہوگیا ہے۔ مدھو گوٹھ سے سفاری ایریا تک دیوار کی تعمیر اور اندرونی سڑکوں کی تعمیر مکمل کرلی گئی ہے جبکہ دس ہزار کے قریب نئے درخت اور سبزہ کاری کے بعد سفاری پارک کے ماحول میں بہتری آئی ہے، ہاتھی گھر کی 80 فیصد تعمیر مکمل ہوچکی ہے اور اگلے ماہ میں بقیہ 20 فیصد کام مکمل کرکے ہاتھیوں کو آزادانہ گھومنے کے لئے چھوڑ دیا جائے گا۔ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے ہدایت کی کہ سفاری پارک کی مکمل اپ لفٹنگ کے لئے ایک پلان تیار کیا جائے تاکہ اسے ایک میگا پروجیکٹ کے طور پر ڈکلیئر کرکے تمام سہولتیں میسر کی جاسکیں انہوں نے کہا کہ نئی تفریحات سفاری پارک کے ان علاقوں میں بنائی جائیں جو اس کی آخری حدود میں واقع ہوں تاکہ شہریوں کو سفاری پارک کے وسیع و عریض علاقے کو دیکھنے کے مواقع میسر آئیں۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید نے اس موقع پر کہا کہ سفاری پارک کی تزئین و آرائش جاری رکھی جائے گی اور اسے کراچی کی معیاری اور جدید تفریح گاہ بنایا جائے گا جہاں بچوں کے لئے جدید طرز کے جھولے لگائے جائیں گے اور نوجوانوں اور بزرگوں کے لئے ازسرنو واکنگ پارک اور واکنگ ٹریک بنائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ جو سڑکیں سفاری پارک کے اندر 1970ء میں بنائی گئی تھیں اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھیں انہیں دوبارہ تعمیر کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسی سال سفاری پارک میں شیر، ذرافہ، گینڈا اور چمپینزی کا اضافہ کیا جائے گا جبکہ جھیل میں کشتی رانی کا بھی آغاز کیا جارہا ہے تاکہ سفاری پارک ایک مکمل اور بھرپور تفریح گاہ بن سکے۔ اس موقع پر سینئر ڈائریکٹر کلچر اسپورٹس اینڈ ریکری ایشن محمد ریحان خان نے گورنر سندھ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 300 ایکڑ رقبے پر مشتمل سفاری پارک میں چار ماہ قبل ہاتھی گھر کی تعمیر کا آغاز کیا گیا تھا جو اگلے ماہ مکمل کرلیا جائے گا یہ 65 ہزار اسکوائر فٹ پر تعمیر کیا جارہا ہے جس میں ہاتھیوں کے نہانے کیلئے پول اور آرام کرنے کیلئے ریسٹ ایریا اور 2800 اسکوائر فٹ پر شیڈز بنائے جائیں گے ہاتھیوں اور سفاری پارک میں تفریح کیلئے آنے والے افراد کے درمیان مناسب فاصلہ رکھنے کے لئے خندق بنائی گئی ہے تاکہ تفریح کے لئے آنے والے افراد آزادانہ گھومتے ہوئے ہاتھیوں کو نقصان نہ پہنچا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ 2 کروڑ روپے کی لاگت سے سفاری پارک کے اندر ڈھائی کلو میٹر طویل سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں جبکہ جانوروں کے پنجروں اور گھاس کے قطعات تک براہ راست پانی پہنچنے کیلئے ایری گیشن سسٹم ڈالا جارہا ہے۔

(رپورٹ: مصباح اقبال)



سفاری پارک میں زیر تعمیر ہاتھی گھر